SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ ۲۰۰۲

SINDH ORDINANCE NO.I OF 2002

سندھ بلدیاتی حکومت (تیسری ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (THIRD AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کی دفعہ ۲۸ کی ترمیم
Amendment of Section 28 of Sindh Ordinance No.XXVII of 2001
۳۔ ۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کی دفعہ ۱۱۲ کی ترمیم
Amendment of Section 112 of Sindh Ordinance No.XXVII of 2001
۴۔ ۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کے پہلے شیڈول کی ترمیم
Amendment of First Schedule to Sindh Ordinance No.XXVII of 2001
۵۔ ۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کے شیڈول کی ترمیم
Amendment of Schedule to Sindh Ordinance No.XXVII of 2001

سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ ۲۰۰۲
SINDH ORDINANCE NO.I OF 2002
سندھ بلدیاتی حکومت (تیسری ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲
THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (THIRD AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

[۵ جنوری ۲۰۰۲]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس

جیسا کہ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ والے اعلان کے تحت اور پرووِیزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر نمبر ۱ کے تحت معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

لہٰذا اس لیئے، مندرجہ بالا اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں ۱۹۹۹ کا پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر۔۹، اور اس سلسلے میں ملے ہوئے سارے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ بلدیاتی حکومت (تیسری ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا اور ۱۴ اگست ۲۰۰۱ سے نافذ سمجھا جائے گا۔

۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کی دفعہ ۲۸ کی ترمیم
Amendment of Section 28 of Sindh Ordinance

۲۔ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی

No.XXVII of 2001

دفعہ ۲۸ کی ذیلی دفعہ (۲) کی شق (e) میں، الفاظ "سٹی ڈسٹرکٹ" کے لیئے الفاظ "سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ" متبادل ہوں گے۔

۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کی دفعہ ۱۱۲ کی ترمیم

Amendment of Section 112 of Sindh Ordinance No.XXVII of 2001

۳۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۱۱۲ کی ذیلی دفعہ (۲) کے لیئے الفاظ "دس ہفتے" کے لیئے الفاظ "جتنا جلد ممکن ہو سکے لیکن حکومت کی طرف سے مقرر کردہ تاریخ کے بعد نہ ہو" متبادل ہوں گے۔

۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کے پہلے شیڈول کی ترمیم

Amendment of First Schedule to Sindh Ordinance No.XXVII of 2001

۴۔ مذکورہ آرڈیننس کے پہلے شیڈول کے حصہ-A کی شق (viii) میں، لفظ "جنگل" کے بعد الفاظ "ماسوائے واٹر شیڈ مینجمنٹ اور قدرتی جنگل، گزارو جنگل، محفوظ بنائے ہوئے جنگلات کے" کو شامل کیا جائے گا۔

۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر XXVII کے شیڈول کی ترمیم

Amendment of Schedule to Sindh Ordinance No.XXVII of 2001

۵۔ مذکورہ آرڈیننس کے پانچویں شیڈول کے حصہ -I (قواعد) میں، شق ۲ کو ختم کیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا